نامے جو میرے نام آئے

ا۔ سہ ماہی مجلّہ التراث مضامین کے اعتبار سے بہت معیاری اور خوبصورت ہے؛ ہم اس کا تبادلہ ماہنامہ ''ضیائے حدیث'' سے چاہتے ہیں۔

حکیم محمد ادریس فاروقی / ایڈیٹر ماہنامہ ضیائے حدیث لاہور

۲۔ خواہش ہے کہ مجلس التحقیق الاسلامی کی طرح جامعہ لاہور الاسلامیۃ میں بھی آپ کا رسالہ باقاعدگی سے موصول ہوا کرے، تاکہ فاضل اساتذہ اور طلبہ کے لیے آپ کے موقر مجلّے سے باقاعدہ استفادہ کرنا ممکن ہو سکے۔

دعا گو/ ڈاکٹر حافظ حسن مدنی، مدیر محدث و مدیر التعلیم جامعہ لاہور الاسلامیۃ۔لاہور

۳۔ ممکن ہو تو ازراہ کرم سابقہ شمارہ جات بھی مکمل ارسال فرما دیجیے، تاکہ یہ لائبریری مجلّہ التراث کے مکمل ریکارڈ کے حوالے سے بھی ایک مستقل مرجع بن سکے۔اس نوازش پر ہم آپ کے بے حد ممنون ہوں گے۔

محمد شفیق کوکب/ انچارج شعبہ رسائل و مجلات مجلس التحقیق الاسلامی۔لاہور

❁ مکمل سیٹ تو میسر نہیں، البتہ دستیاب شمارے بھیج رہے ہیں۔(ادارہ)

سائنسی معلومات

انتخاب: ثناء اللہ حسن

❁ ڈاک کا آغاز 2000 قبل مسیح میں قدیم فرعون کے دور میں ہوا۔

❁ قدیم ترین انسانی بستیاں دریاؤں کے کنارے آباد ہوئیں۔

❁ مکڑی اپنے پاؤں پر چکناہٹ کی وجہ سے اپنے جال میں نہیں پھنستی۔

❁ اونٹ 150 لیٹر تک پانی پی سکتا ہے۔ ❁ کیکڑا اپنے پاؤں سے غذا چباتا ہے۔

❁ چاند اور زمین میں اوسطاً 238,900 میل کا فاصلہ ہے۔

❁ زمین کا سورج سے اوسط فاصلہ نو کروڑ تیس لاکھ میل ہے۔

❁ سورج کی روشنی زمین تک آٹھ منٹ بیس سیکنڈ میں پہنچ جاتی ہے۔

❁ ایک قسم کی ریگستانی چھپکلی اپنی زبان سے آنکھیں صاف کرتی ہے، کیونکہ اس کی پلکیں نہیں ہوتیں۔